فوری ریلیز کے لیے: 2022/12/13 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے COVID-19 سے نبرد آزما ہونے کی ریاستی پیش رفت کے بارے میں نیویارکرز کو اپ ڈیٹ کیا ہے

گورنر نے نیو یارک کے شہریوں کو COVID-19 کے خلاف بچاؤ اور اس کے علاج کے ٹولز کا استعمال جاری رکھنے کے لیے سراہا: ویکسینز، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج

10 دسمبر سے 12 دسمبر تک ریاست بھر میں 98 اموات کی اطلاع

گورنر Kathy Hochul نے آج COVID-19 سے نبرد آزما ہونے کی ریاستی پیش رفت کے بارے میں نیویارک کے باشندگان کو اپ ڈیٹ کیا ہے۔

"ایک ایسے وقت میں جب سانس کی بیماریاں، فُلو، اور COVID-19 کا ہماری پوری ریاست میں پھیلاؤ جاری ہے، میں نیو یارک کے تمام باشندوں سے گزارش کرتی ہوں کہ وہ ہوشیار رہیں اور خود کو، اپنے پیاروں کو اور اپنے علاقوں کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کا استعمال جاری رکھیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ویکسین کی تازہ ترین خوراکیں لیں، اور تعطیلات کے اس سیزن کے دوران اجتماعات میں شامل ہونے یا سفر کرنے سے پہلے اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے ممکنہ علاج کے اختیارات کے بارے میں بات کریں۔"

گورنر Hochul نیویارک کے باشندوں کو ترغیب دے رہی ہیں کہ وہ بیماریوں کی روک تھام والے عمومی اقدامات پر عمل کریں — مثلاً ویکسینز کے بارے میں آپ ٹو ڈیٹ رہنا اور حفظان صحت پر مکمل عمل کرنا — تاکہ ریسپائریٹری سینسیشل وائرس (Respiratory Syncytial Virus، RSV)، فلو اور COVID -19 سے بچاؤ ممکن بنے اور مقامی ہسپتالوں پر مریضوں کا بوجھ کم کیا جا سکے۔ گزشتہ ہفتے، گورنر نے نیویارک کے باشندوں کو موسم سرما میں صحت کے حوالے سے ریاست کی تیاریوں سے متعلق کوششوں کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا۔

گزشتہ ہفتے، امریکی خوراک اور ادویات کی انتظامیہ اور CDC نے بھی چھ ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کے لیے COVID-19 کے خلاف تحفظ میں اضافہ کرنے کے لیے بائی ویلنٹ بوسٹر شاٹ لگوانے کی راہ ہموار کی۔ اس سے پہلے، یہ شاٹس صرف 5 سال اور اس سے بڑی عمر کے بچوں کے لیے دستیاب تھے۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت نے گزشتہ ہفتے ایک رپورٹ جاری کی جو پورے نیو یارک میں لیبارٹری سے تصدیق شدہ فلو کے کیسز میں ہفتہ وار 64 فیصد کا اضافہ جبکہ ہفتہ-در-ہفتہ ہسپتالوں میں داخلوں میں 58 فیصد کا اضافہ ظاہر کر رہی ہے۔ اس وقت پوری ریاست کی تمام 62 کاؤنٹیوں میں انفلوئنزا کے کسیز کی شناخت ہو چکی ہے، جس سے نیویارک کے باشندوں کے لیے اس بات کی ضرورت مزید اجاگر ہوئی ہے کہ وہ ایسے اقدامات اور حفاظتی تدابیر کریں جو بچوں اور بالغ افراد کے شدید بیماری میں مبتلا ہونے کے خطرے کو کم کریں۔

اس سے قبل گورنر Hochul نے ایک عوامی آگاہی مہم کا آغاز بھی کیا جس میں نیویارک کی ریاستی کمشنر برائے صحت ڈاکٹر Mary T. Bassett نیویارک کے باشندوں سے ان تین وائرسز کے متعلق براہ راست بات کی جو فی

الوقت ریاست میں ایک جیسی علامات اور سنگین بیماری کا سبب بننے والی استعداد کے ساتھ گردش کر رہے ہیں۔
ریاست نیویارک کے محکمہ صحت کی تیار کردہ ان ویڈیوز میں ایک مختصر کلپ اور اس کا والدین کے لیے تیار کیا گیا ایک طویل ورژن؛ اور خاص طور پر نگہداشتِ صحت فراہم کنندگان کے لیے تیار کردہ ورژن شامل ہیں۔

گورنر نیو یارک کے باشندوں کو بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسین بوسٹرز لگوانے کی تاکید بھی کر رہی ہیں۔ بوسٹر کے لیے اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے، نیو یارک کے باشندے اپنی مقامی فارمیسی، کاؤنٹی محکمۂ صحت یا نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں؛ vaccines.gov ملاحظہ کریں؛ اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کریں یا قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے 1-800-232-0233 پر کال کریں۔

اس کے علاوہ، گورنر Hochul نیو یارک کے باشندوں کو اپنی سالانہ فلُو ویکسین لگوانے کی ترغیب دے رہی ہیں کیونکہ ریاست نیو یارک میں فلُو کی وبا وسیع طور پر پھیلی ہوئی ہے۔ فلُو کا وائرس اور COVID-19 کا سبب بننے والا وائرس دونوں گردش کر رہے ہیں، لہٰذا دونوں کے خلاف ویکسین لگوانا صحت مند رہنے اور نگہداشتِ صحت کے نظام کو اضافی بوجھ سے بچانے کا بہترین طریقہ ہے۔

ریاستی محکمۂ صحت اپنی سالانہ عوامی آگاہی مہم جاری رکھے ہوئے ہے، جو بالغ افراد اور والدین کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ وہ خود اور 6 ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلُو اور COVID-19 دونوں کے ٹیکے لگوائیں۔ انگریزی اور ہسپانوی، دونوں زبانوں میں اشتہارات گزشتہ ماہ سے چلنا شروع ہوئے۔

فلُو ویکسین کلینکس کے بارے میں معلومات کے لیے، مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کریں یا ملاحظہ کریں vaccines.gov/find-vaccines/۔

آج کے ڈیٹا کا مختصر خلاصہ ذیل میں پیش کیا گیا ہے:

- **کیسز کی فی k100 تعداد** - 23.31
- **7-دن کے اوسط کیسز فی k100** - 27.79
- **اطلاع کردہ ٹیسٹ کے نتائج** - 65,431
- **کُل مثبت** -4,555
- **مثبت فیصد** - 5.28%**
- **7-روزہ اوسط فیصد مثبت** - 6.83%**
- **ہسپتال میں داخل مریض** - 3,556 (+128)
- **نئے داخل کردہ مریض** - 1,285*
- **ICU میں داخل مریض** - 331 (-3)
- **ICU میں داخل مریض جنہیں ٹیوب ڈالی گئی** - 138 (+8)
- **چُھٹی دیئے گئے کُل مریض** - 373,012 (+1029)*
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ نئی اموات** - 98*
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ کُل اموات** - 59,834*

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔
صحت کا الیکٹرانک ریسپانس سسٹم ایک NYS DOH ڈیٹا کا سورس ہے جو صرف ہسپتالوں سے، نرسنگ ہومز اور بالغان کی نگہداشت کی سہولت گاہوں سے روزانہ اموات کا مصدقہ ڈیٹا حاصل کرتا ہے۔

اہم نوٹ: بروز پیر، 4 اپریل سے مؤثر، وفاقی محکمہ صحت اور انسانی خدمات (Department of Health and Human Services, HHS) کو مزید جانچ کی ان سہولیات کی ضرورت نہیں ہے جو منفی نتائج کی اطلاع دینے کے لیے COVID-19 ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹس استعمال کرتی ہیں۔ نتیجے کے طور پر، لیب کی جانب سے رپورٹ شدہ PCR نتائج کو استعمال کرتے ہوئے نیویارک ریاست کے فی صد مثبت پیمانے کا حساب لگایا جائے گا۔ مثبت اینٹی جن ٹیسٹ کو فی الحال نیویارک ریاست میں رپورٹ کیا جائے گا اور روزانہ کے نئے کیسوں کی اور کیس فی k100 کی رپورٹنگ میں PCR اور اینٹی جن ٹیسٹس دونوں شامل ہوں گے۔ اس تبدیلی اور دوسرے عوامل کی وجہ سے، جن میں ٹیسٹنگ کے طریقوں میں تبدیلیاں شامل ہیں، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- فی صد مثبت نہیں۔

- **CDC کو رپورٹ کردہ اور ان کی مرتب کردہ کُل اموات** - 76,219

COVID-19 کا صوبائی وفات کے سرٹیفکیٹ کا یہ روزانہ کا ڈیٹا جس کی رپورٹ NYS DOH اور NYC کی جانب سے CDC کو کی جاتی ہے اس میں وہ شامل ہیں جو کسی مقام پر، جس میں ہسپتال، نرسنگ ہومز، بالغان کی نگہداشت کی سہولت گاہوں، گھر پر، شفاخانوں اور دیگر ماحول میں، وفات پا گئے تھے۔

ہر علاقے کی 7-دن کی اوسط برائے کیس فی K100 آبادی حسبِ ذیل ہے:

علاقہ	ہفتہ، 10 دسمبر، 2022	اتوار، 11 دسمبر، 2022	پیر، 12 دسمبر، 2022
Capital Region	13.51	13.35	13.11
Central New York	10.59	10.98	11.26
Finger Lakes	11.29	11.27	10.76
Long Island	43.39	42.67	42.77
Mid-Hudson	29.51	29.53	29.46
Mohawk Valley	10.89	11.07	10.45
New York City	33.82	33.67	33.74
North Country	12.62	12.55	12.41
Southern Tier	14.92	14.96	14.94

Western New York	9.84	10.08	10.24
پوری ریاست	**27.93**	**27.79**	**27.79**

ہر علاقے میں 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

علاقہ	**ہفتہ، 10 دسمبر، 2022**	**اتوار، 11 دسمبر، 2022**	**پیر، 12 دسمبر، 2022**
Capital Region	5.64%	5.61%	5.54%
Central New York	3.79%	3.88%	3.92%
Finger Lakes	4.82%	4.75%	4.66%
Long Island	8.89%	8.84%	8.93%
Mid-Hudson	6.74%	6.75%	7.22%
Mohawk Valley	3.84%	3.90%	3.95%
New York City	6.49%	6.48%	6.82%
North Country	4.64%	4.67%	4.60%
Southern Tier	5.56%	5.57%	5.48%
Western New York	7.26%	7.60%	7.88%
پوری ریاست	**6.58%**	**6.57%**	**6.83%**

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

نیویارک سٹی کی ہر بورو کے 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

NYC میں بورو	ہفتہ، 10 دسمبر، 2022	اتوار، 11 دسمبر، 2022	پیر، 12 دسمبر، 2022
Bronx	7.88%	7.84%	7.90%
Kings	4.60%	4.56%	5.14%
New York	6.86%	6.86%	6.93%
Queens	9.05%	9.10%	9.09%
Richmond	6.34%	6.42%	6.46%

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

ریاست نیویارک میں گزشتہ روز نیویارک کے 4,555 مکینوں کے COVID-19 ٹیسٹ مثبت آئے، جس سے مجموعی تعداد 6,349,149 ہو گئی۔ ایک جغرافیائی تقسیم کاری ذیل میں پیش کی گئی ہے:

کاؤنٹی	کُل مثبت	نئے مثبت
Albany	76,132	16
Allegany	10,474	3
Broome	56,790	8
Cattaraugus	18,731	-
Cayuga	19,785	9
Chautauqua	28,546	10

8	26,034	Chemung
3	11,522	Chenango
6	21,756	Clinton
4	13,232	Columbia
3	12,935	Cortland
6	9,769	Delaware
42	81,181	Dutchess
99	260,912	Erie
1	7,387	Essex
4	11,746	Franklin
4	16,092	Fulton
5	16,153	Genesee
4	10,526	Greene
-	1,064	Hamilton
4	16,955	Herkimer
17	25,939	Jefferson
-	7,135	Lewis

2	13,972	Livingston
5	16,356	Madison
58	185,918	Monroe
2	14,581	Montgomery
565	525,850	Nassau
16	57,918	Niagara
2,376	2,960,956	NYC
20	66,868	Oneida
41	138,536	Onondaga
10	25,238	Ontario
56	133,048	Orange
1	10,215	Orleans
3	33,465	Oswego
6	12,839	Otsego
37	30,223	Putnam
8	40,480	Rensselaer
72	114,041	Rockland

22	59,573	Saratoga
12	42,240	Schenectady
6	6,373	Schoharie
1	4,246	Schuyler
1	7,390	Seneca
6	25,656	St. Lawrence
15	24,696	Steuben
573	543,551	Suffolk
17	23,533	Sullivan
6	13,673	Tioga
19	25,776	Tompkins
17	41,320	Ulster
11	18,262	Warren
9	15,241	Washington
2	21,214	Wayne
299	321,057	Westchester
5	9,737	Wyoming

Yates	4,311	-

ذیل میں جو ڈیٹا پیش کیا گیا ہے وہ دکھاتا ہے کہ کتنے افراد ہسپتال میں داخل ہیں جن کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے اور انہیں COVID-19/COVID-19 کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل کیا گیا تھا اور ان میں سے کتنے افراد کو COVID-19 کے علاوہ کسی شکایات کی وجہ سے داخل کیا گیا تھا:

علاقہ	**COVID-19 کے وہ مریض جو حالیہ طور پر ہسپتال میں داخل ہیں**	**COVID یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل ہیں**	**COVID یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل افراد کی %**	**داخل کردہ جہاں COVID داخلے کی وجوہات میں سے ایک وجہ کے طور پر شامل نہیں تھا**	**% داخل کردہ جہاں COVID داخلے کی وجوہات میں سے ایک وجہ کے طور پر شامل نہیں تھا**
Capital Region	137	72	52.6%	65	47.4%
Central New York	74	41	55.4%	33	44.6%
Finger Lakes	277	74	26.7%	203	73.3%
Long Island	782	363	46.4%	419	53.6%
Mid-Hudson	382	173	45.3%	209	54.7%
Mohawk Valley	41	20	48.8%	21	51.2%
New York City	1,605	709	44.2%	896	55.8%
North Country	55	27	49.1%	28	50.9%

64.3%	54	35.7%	30	84	Southern Tier
62.2%	74	37.8%	45	119	Western New York
56.3%	2,002	43.7%	1,554	3,556	پوری ریاست

اب Omicron ویریئنٹ منتشر ہونے والے وائرسز میں 95 فیصد سے زیادہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ ویریئنٹ کی ٹریکنگ پر مزید معلومات کے لئے، براہ کرم یہاں ملاحظہ کریں: [COVID-19 ویریئنٹ ڈیٹا | محکمۂ صحت (ny.gov)]۔

ہفتہ، 10 دسمبر سے پیر 12 دسمبر تک، COVID-19 کی وجہ سے کل 98 نئی اموات رپورٹ کی گئیں، جس سے مجموعی تعداد 59,834 ہو گئی۔ رہائش کی کاؤنٹی کے اعتبار سے، ایک جغرافیائی تقسیم کاری حسبِ ذیل ہے:

نئی اموات	کاؤنٹی
2	Albany
10	Bronx
2	Broome
3	Chemung
1	Clinton
1	Cortland
2	Dutchess
3	Erie
10	Kings
1	Madison
5	Monroe
1	Montgomery
6	Nassau
11	New York
1	Niagara
1	Oneida
1	Onondaga
4	Orange
13	Queens
2	Rensselaer
2	Richmond
2	Schenectady
10	Suffolk

1	Warren
1	Washington
2	Westchester
98	مجموعی کل

اہم نوٹ: فی الحال ویک اینڈ یا تعطیلات پر نگہداشتِ صحت کے مراکز سے HERDS اعداد و شمار اکٹھا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جہاں نشاندہی کی گئی ہے، وہاں کل تعداد میں 2022/12/10 تا 2022/12/12 تین دنوں کا مجموعی ڈیٹا شامل ہے۔ نتیجتاً، کچھ ڈیٹا حالیہ رجحانات سے بڑھ کر معلوم ہو سکتا ہے۔ متاثرہ ڈیٹا کو ایک اسٹار سے نشان زد کیا گیا ہے۔

نیویارک کے باشندے جو 5 تا 11 سالہ بچوں کے لئے ویکسین کی اپائنٹمنٹس شیڈول کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں انہیں ترغیب دی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کے ماہرِ اطفال، خاندانی فزیشن، کاؤنٹی کے صحت کے محکموں، وفاق کی جانب سے سندیافتہ صحت کے مراکز (Federally Qualified Health Centers)، دیہی مراکزِ صحت، یا فارمیسیز سے رابطہ کریں جو اس عمر کے گروپ کے لئے ویکسین لگا رہے ہوں۔ قریبی مقامات معلوم کرنے کے لیے والدین اور سرپرستگان vaccines.gov ملاحظہ کر سکتے ہیں، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر سکتے ہیں، یا 1-800-232-0233 پر کال کر سکتے ہیں۔ اس بات کا یقین کر لیں کہ فراہم کنندہ Pfizer-BioNTechCOVID-19 ویکسین لگا رہا ہے، کیونکہ عمر کے اس گروپ کے لئے COVID-19 کی دوسری ویکسینز کی اجازت تاحال نہیں دی گئی ہے۔

نئی معلومات، اکثر پوچھے گئے سوالات اور جوابات، اور خاص طور پر اس عمر کے بچوں کے والدین اور سرپرستوں کے لیے تیار کردہ وسائل کے لیے والدین اور سرپرستوں کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418